## ایم کیوایم لیبر ڈویژن KDA یونٹ کے کارکن محمد شکیل احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔12، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن KDA یونٹ کے کارکن محمد شکیل احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد شکیل احمد مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ڈی اے یونٹ کے کارکن محمد شکیل احمد ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کرگئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن KDA یونٹ کے کارکن محمد شکیل احمد انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 40 سال تھی اور وہ دل کے عارضے میں مبتلا تھے۔محمد شکیل احمد مرحوم کے سوگواران میں بیوہ اور چھ بچے شامل ہیں۔مرحوم کو لیاقت آبادسی ون ایریا کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی سینٹر کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین، کے ڈی اے یونٹ کے کارکنان، ادارے کے محنت کشوں اور ہمدردوں نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمد شکیل احمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کے کارکن کے والد اور بدین میں نوائے وقت کے نیوز ایجنٹ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن محبوب عالم کے والد جمعہ خان اور بدین میں روزنامہ نوائے وقت کے نیوز ایجنٹ اللہ ورایو عمرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## کراچی میں بجلی کی ترسیل میں حائل رکاوٹوں کو فی الفور دور کیا جائے، اراکین قومی اسمبلی
## بجلی کے بحران کے اثرات سے براہِ راست ملک کی معیشت متاثر ہوگی

کراچی۔۔۔12، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے نومنتخب حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور صدر پرویز مشرف اور نگراں حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں بجلی کے بحران پر قابو پانے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کے باعث شہر کی کاروباری سرگرمیاں بری طرح سے متاثر ہورہی ہیں، اسپتالوں میں آپریشن ملتوی کرنے کی نوبت آچکی ہے جبکہ طلباء کو اپنی پڑھائی کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں بجلی کے شدید بحران کے اثرات براہِ راست ملک کی معیشت پر پڑیں گے جس سے ملک وقوم کو شدید نقصان کا اندیشہ ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں بجلی کی ترسیل میں حائل رکاوٹوں کو فی الفور دور کیا جائے اور عوام کو بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے جلد از جلد نجات دلائی جائے۔

## آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر پر حکومتی وزراء کے تشدد اور سرکاری خزانے کو عیاشیوں کیلئے استعمال کرنے کے خلاف طلباء کا انوکھا احتجاج
## یونیورسٹی گیٹ سے بینک روڈ تک ننگے پاؤں مارچ کیا، حکومت کے خلاف زبردست نعرہ بازی کی

مظفر آباد۔۔۔12، مارچ 2008ء۔۔۔آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں دوران اجلاس متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر پر حکومتی وزراء کے تشدد اور وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار عتیق کے بیٹے عثمان عتیق کو چند خواتین کے ہمراہ سرکاری خرچ پر غیر ضروری دورہ یورپ پر بھیجنے کے خلاف دارالحکومت مظفر آباد میں این ایس ایف اور پی ایس ایف

کے طلباء نے انوکھا احتجاج کیا اور یونیورسٹی گیٹ سے بینک روڈ تک ننگے پاؤں مارچ کیا۔ اس دوران طلباء نے حکومت کے خلاف زبردست نعرہ بازی کی اور تحریک آزادی کے نام پر وزراء کے بچوں کو سرکاری خرچ پر یورپ میں عیاشیوں کیلئے بھیجنے پر زبردست احتجاج کیا۔ احتجاجی مظاہرے کے طلباء نے کہا کہ کشمیر کی آزادی کیلئے 80 ہزار سے زائد شہداء کی قربانیاں فراموش کرنے والے حکمرانوں کا محاسبہ کریں گے اور انہیں عوام کے خون پسینے کی محنت سے دیئے گئے ٹیکس کو اس طرح عیاشیوں میں اڑانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے ۔طلباء نے مطالبہ کیا کہ وزیراعظم کے بیٹے پر خرچ ہونے والی 40 لاکھ سے زائد رقم واپس قومی خزانہ میں جمع کرائی جائے۔

## عوام وکارکنان ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کے بزرگ کارکن قمراحمد کی صحتیابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔12 مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر ایلڈ رز ونگ کے کارکن قمر احمد کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ جناب الطاف حسین عوام وکارکنان سے بھی اپیل کی ہے ک وہ قمراحمد کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین ٹوٹنگ یونٹ کے قیام کا اعلان

## حق پرستی کی جدوجہد میں خواتین نے بے مثال قربانیاں دی ہیں، سلیم شہزاد

## خواتین خود کو نظریاتی بنیادوں پر مضبوط بنانے کیلئے تنظیمی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں، صفیہ اکبر

## لندن کے علاقے ٹوٹنگ میں شعبہ خواتین کے اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔12، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ حق پرستی کی جدوجہد میں خواتین نے بے مثال قربانیاں دی ہیں اور ایم کیوایم کی تاریخ میں خواتین کا کردار فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز لندن کے علاقے ٹوٹنگ میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ٹوٹنگ کے علاقے سے تعلق رکھنے والی خواتین نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم شعبہ خواتین ٹوٹنگ یونٹ کے قیام کا باقاعدہ اعلان بھی کیا گیا جس کے مطابق محترمہ فرزانہ اقبال، ایم کیوایم شعبہ خواتین ٹوٹنگ یونٹ کی انچارج، محترمہ ینازرین جوائنٹ انچارج اور محترمہ حمیدہ ندیم کو کمیٹی کا ممبر نامزد کیا گیا ہے۔ اس موقع پر ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر، اراکین محترمہ راشدہ اکبر، محترمہ یاسمین نوین، محترمہ شاہین اور ایم کیوایم یوکے یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سلیم شہزاد نے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان کی واحد جماعت ہے جو نہ صرف خواتین کے حقوق کا احترام کرتی ہے بلکہ ایم کیوایم نے زندگی کے ہر شعبہ میں خواتین کو برابری کی بنیاد پر نمائندگی بھی دی ہے۔ انہوں نے شعبہ خواتین کی ذمہ داران اور کارکنان کو ٹوٹنگ یونٹ کے قیام کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ محنت لگن سے تنظیمی ذمہ داریاں انجام دیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ صفیہ اکبر نے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور ملک میں غریب ومتوسط کے عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے خواتین کارکنان پر زور دیا کہ وہ خود کو نظریاتی بنیادوں پر مضبوط بنانے کیلئے تنظیمی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں۔ اجلاس سے ڈاکٹر سلیم دانش نے بھی خطاب کیا۔

## قائد تحریک الطاف حسین کے والد محترم نذیر حسین مرحوم کی برسی بدھ کو آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں منائی جائے گی

## مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوگا

کراچی۔۔۔12، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے والد نذیر حسین مرحوم کی برسی 13 مارچ بروز بدھ کو ملک بھر میں انتہائی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جائے گی۔ برسی کے سلسلے میں ایم کیوایم کے زیراہتمام اندرون سندھ سمیت صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان کے علاوہ آزاد کشمیر کے آفسوں میں قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے جبکہ اس سلسلے کا مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد کراچی میں بعد نماز ظہر منعقد ہوگا۔ اجتماعات میں نذیر حسین مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست منتخب اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، تعلقہ ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے مقامی کارکنان اور ہمدرد عوام شرکت کریں گے۔

☆☆☆☆☆